© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبار الاحرار

سرگودھا (3/اکتوبر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری نے 3/اکتوبر کو سرگودھا کے قریب کوٹ چوغطہ میں جناب ڈاکٹر محمد ظہیر حیدری، ڈاکٹر فضل الرحمٰن، حبیب الرحمٰن اور شہیدِ ناموسِ صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) عزیز الرحمٰن مرحوم کے عزیزان حافظ مطیع الرحمٰن اور حافظ عبید الرحمٰن کی تقریب نکاح مسنونہ میں شرکت فرمائی نکاح پڑھایا اور خطاب فرمایا، مرکزی ناظم اعلیٰ عبداللطیف خالد چیمہ کے علاوہ مولانا محمد الیاس گھمن، مولانا قاضی عزیز الرحمٰن (رحیم یار خان) اور دیگر حضرات نے بھی اس مبارک تقریب سے خطاب فرمایا۔ خطیب جامع مسجد احرار چناب نگر مولانا محمد مغیرہ، مولانا منظور احمد، حافظ محمد شفیق، قاضی عبدالقدیر بھی تقریب میں شریک ہوئے۔ حمدِ باری تعالیٰ اور نعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور خطاب بات کے حوالے سے منعقدہ تقریب رات دیر تک جاری رہی۔

## متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی کا اجلاس

لاہور (5-اکتوبر) متحدہ تحریکِ ختمِ نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان نے فیصلہ کیا ہے کہ تحفظ ناموسِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے قانون اور امتناعِ قادیانیت ایکٹ کا ہر قیمت پر دفاع کیا جائے گا۔ اِن قوانین کو ختم یا غیر مؤثر کرنے کی کوششیں ملک کے نظریاتی و جغرافیائی تشخص کو تباہ اور ختم کرنے والی خطرناک سازشوں کا حصہ ہے۔ اجلاس میں یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ بین الاقوامی اداروں، حکمرانوں اور بعض سیاستدانوں کی طرف سے آئین کی اسلامی دفعات کو ختم کرنے خصوصاً عقیدۂ ختمِ نبوت کی توہین پر مبنی بیانات کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتِ حال کے سدباب کے لیے رائے عامہ کو منظّم اور بیدار کرنے کے لیے صوبائی دارالحکومتوں اور بڑے بڑے مقامات پر اجتماعات اور مظاہروں کا اہتمام کیا جائے گا۔ مجلسِ احرارِ اسلام پاکستان کے مرکزی دفتر نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں قائدِ احرار سید عطاء المہیمن بخاری کی زیرِ صدارت منعقدہ اجلاس میں پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی، مجلسِ احرارِ اسلام پاکستان کے پروفیسر خالد شبیر احمد، سید محمد کفیل بخاری، مولانا محمد مغیرہ، قاری محمد یوسف احرار، میاں محمد اویس، متحدہ تحریکِ ختمِ نبوت کے کنونیئر عبداللطیف خالد چیمہ، جمعیت علماءِ اسلام کے مرکزی رہنما مولانا عبدالخالق اور مولانا عبدالرؤف فاروقی، جماعتِ اسلامی کے چوہدری محمد انور گوندل، تحریکِ انصاف کے محمد اعجاز چوہدری، مرکزی جمعیت اہلحدیث کے مرکزی نائب ناظم رانا محمد شفیق پسروری، جمعیت علماء اسلام (ف) کے عبدالشکور، انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ پاکستان کے سربراہ مولانا محمد الیاس چنیوٹی، قاری شبیر احمد عثمانی، قاری محمد رفیق وجھوی، مولانا محمد یونس حسن، مولانا محمد شفیع قاسمی، مولانا عبدالرشید انصاری، سید محمد زکریا شاہ،



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خاکسار تحریک کے قائد حمید الدین المشرقی تحریک انصاف پاکستان کے نائب صدر اعجاز چوہدری، مسلم لیگ (ن) کے مہر اشفاق احمد (ایم پی اے) مولانا الطاف حسین گوندل، سید میر رمیز احمد اور دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔

تین گھنٹے تک جاری رہنے والے تمام مکاتب کے اس نمائندہ اجلاس میں ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی طرف سے قادیانیوں کو مسلمانوں کی صفوں میں لا کھڑا کرنے کی موہوم کوشش کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی اور گورنر پنجاب اور مقتدر حلقوں کی طرف سے قانون توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کو بذات خود توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم قرار دیتے ہوئے اسے قرآن وسنت اور دستورِ پاکستان سے انحراف اور غداری قرار دیا گیا۔

سید عطاء المہیمن بخاری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زرداری اور گیلانی حکومت عالم کفر اور امریکی تابعداری میں تمام حدیں کراس کر گئی ہے پرویز مشرف کی اسلام و وطن دشمن پالیسیوں کا خطرناک تسلسل جاری ہے اور عوام کا جینا دوبھر کر دیا گیا ہے انھوں نے کہا کہ دفاع اسلام پاکستان کے لیے تمام دینی ومحبِّ وطن سیاسی قوتوں کو مل جل کر کردار ادا کرنا چاہیے اور دین متین پر ہونے والے حملوں کو روکنے کے اٹھ کھڑے ہونا چاہیے۔ مولانا زاہد الراشدی نے نے کہا کہ پالیسی ساز ادارے موجودہ حکومت کو بچانے کی بجائے وطن عزیز کو بچانے کی فکر کریں۔ انھوں نے کہا کہ ہم تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور تحفظ ختم نبوت کے لیے آگے بڑھنا چاہتے ہیں اس کے لیے جو کچھ بھی کرنا پڑا گریز نہیں کریں گے۔

مولانا محمد الیاس چنیوٹی ایم پی اے نے کہا کہ پاکستان کو سیاسی اور معاشی طور پر تباہ کرنے میں حکمرانوں کی ریس لگی ہوئی ہے اور قادیانی سازشیں نقطۂ عروج پر ہیں۔ مولانا عبدالرؤف فاروقی اور مولانا عبدالخالق نے کہا کہ C-295 اقلیتوں کے سر پر تلوار کی طرح لٹک رہی ہے اور یہ تلوار لٹکتی رہنی چاہیے تاکہ کسی کو توہین قرآن اور توہین انبیاء کرام علیہم کی جرأت نہ ہو۔ چودھری محمد انور گوندل نے کہا کہ الطاف حسین قادیانیت کا جدید ایڈیشن ہے۔ زرداری کے ہاتھ مضبوط کرنے کا مطلب ہے قادیانیت اور ملک دشمنی کو تقویت دینا ہے۔

اعجاز چودھری نے کہا کہ تحریکِ انصاف اِن مسائل پر تحریکِ ختم نبوت کے ساتھ ہے C-295 میں ایک لفظ بھی انسانی حقوق کے خلاف نہیں عیسائیوں اور قادیانیوں کو محاذ آرائی ترک کر دینی چاہیئے۔ مسلم لیگ (ن) کے مہر اشتیاق احمد (ایم پی اے) نے کہا کہ شہباز شریف اور ان کی حکومت اس مسئلہ پر الطاف حسین کے مئوقف کی سخت مخالف ہے۔ سید محمد زکریا شاہ نے کہا کہ الطاف حسین اور گورنر سلمان تاثیر یہودیوں کے پروردہ قادیانیوں کی خوشنودی کے لیے کام کر رہے ہیں۔

عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے قانون اور امتناع قادیانیت ایکٹ کے خلاف کسی سازش کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اور اس قسم کی سوچ رکھنے والوں کو ملتِ اسلامیہ اور پاکستان کی غیور مسلمانوں کی طرف سے شدید مزاحمت کا سامنا کرنا پڑے گا۔

اجلاس میں اعلان کیا گیا کہ اس سلسلہ میں ملک بھر میں رائے عامہ کو منظّم کرنے کے لیے مختلف مکاتبِ فکر کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علماءِ کرام اور دینی کارکنوں کے مشترکہ اجتماعات، عوامی کانفرنسوں اور پبلک مظاہروں کا اہتمام کیا جائے گا جس کی تفصیلات طے کرنے کے لیے مولانا محمد الیاس چنیوٹی، سید محمد کفیل بخاری، مولانا عبدالرؤف فاروقی، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، رانا محمد شفیق خاں پسروری، حمید الدین المشرقی، قاری جمیل الرحمٰن اختر، محمد متین خالد، مولانا شمس الرحمٰن معاویہ، مرزا محمد ایوب بیگ اور قاری شبیر احمد عثمانی پر مشتمل ایک گروپ قائم کیا گیا جو آئندہ پندرہ روز کے اندر عملی پرگرام کی تفصیل طے کر کے اس کا لاہور میں ایک پریس کانفرنس میں باضابطہ اعلان کرے گا۔

اجلاس میں ملک بھر کی دینی و سیاسی جماعتوں۔اہل دانش اور میڈیا سے تعلق رکھنے والے ذمہ دار حضرات سے پروز اپیل کی گئی کہ وہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے اسلامی نظریاتی تشخص کے تحفظ بالخصوص عقیدہ ختم نبوت اور ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے تحفظ کے لیے اس جدوجہد میں شریک ہو کر اور ملک کی رائے عامہ کو منظّم کرنے کے لیے اپنا مئوثر کردار ادا کریں۔اجلاس میں چناب نگر (ربوہ) قادیانیوں کی اجارہ داری اور مسلمانوں کو پریشان کرنے والے حربوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا اور پنجاب حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ امتناع قادیانیت ایکٹ پر عمل درآمد کی صورتحال کو یقینی بنائے۔ایک قرارداد میں ماڈل ٹاون لاہور میں بڑھتی ہوئی قادیانیوں کی سرگرمیوں اور کھلے عام شعائر اسلامی کی توہین کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا گیا۔اجلاس میں واضح کیا گیا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے قانون کی عمل داری کو یقینی نہ بنایا تو عوام میں پیدا ہونے والے فطری اشتعال اور منفی ردعمل کی ذمہ داری براہ راست قادیانیوں اور سرکاری انتظامیہ پر عائد ہوگی۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ قادیانیوں اور قادنی نواز عناصر کا ہر سطح پر راستہ روکا جائے اور سیاسی اور معاشرتی سطح پر بھی ایسے عناصر کو بے نقاب کیا جائے گا جو مسلمانوں کے بھیس میں منکرین ختم نبوت کی بولی بول رہے ہیں اجلاس میں پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا اوران کے مالکان سے اپیل کی گئی کہ وہ تحریک ختمؐ نبوت کے مئوقف کو نظر انداز کرنے کی بجائے اس کو بھی دنیا تک پہنچائیں اجلاس میں ان اخبارات وجرائد اور نشریاتی اداروں کا شکریہ ادا کیا گیا جنھوں نے تحریک ختمؐ نبوت کے مسلمہ مئوقف کو دنیا تک پہنچایا۔اجلاس میں سندھ خصوصا کراچی اور حیدر آباد میں علماء ختمؐ نبوت اور کارکنان ختم نبوت پر پولیس اور ایک لا ثانی تنظیم کی طرف سے ہراساں۔تشدد اور مساجد کی بے حرمتی کرنے جیسے واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی اور مطالبہ کیا گیا کہ اس قسم کی کاروائیوں کے اصل ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے۔

☆☆☆

لاہور (6ستمبر) ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی طرف سے عقیدۂ ختم نبوت اور شعائرِ اسلام کی توہین قادیانیت نوازی اور گورنر پنجاب اور مقتدر حلقوں کی طرف سے قانون توہین رسالت کو ختم کرنے جیسے بیانات کے حوالے سے متحدہ تحریک ختم نبوت پاکستان کے ملک گیر سطح پر رائے عامہ کو بیدار اور منظّم کرنے کے لیے مولانا محمد الیاس چنیوٹی، سید



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



محمد کفیل بخاری، مولانا عبدالرؤف فاروقی، مولانا شمس الرحمٰن معاویہ، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مرزا محمد ایوب، حمید الدین المشرقی، قاری جمیل الرحمٰن اختر، محمد متین خالد اور قاری شبیر احمد عثمانی پر مشتمل کمیٹی قائم کرنے کا اعلان کر دیا گیا۔ اس سلسلہ میں ملک بھر میں رائے عامہ کو بیدار کرنے کے لیے مختلف مکاتبِ فکر کے علماء کرام اور دینی کارکنوں کے مشترکہ اجتماعات، عوامی کانفرنسوں اور پبلک مظاہروں کے لیے ہوم ورک مکمل کر کے تفصیلات کا اعلان لاہور میں ایک پریس کانفرنس کے ذریعے کیا جائے گا۔

## متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ (نواب زادہ منصور احمد خان)

لاہور (6/اکتوبر) پاکستان ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ نواب زادہ منصور احمد خان نے قانون تحفظ ناموسِ رسالت اور تحفظ ختم نبوت کے سلسلے میں تمام مکاتبِ فکر پر مشتمل ''متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی'' کے مطالبات کی مکمل تائید وحمایت کا اعلان کیا ہے۔ تحریک ختم نبوت کے رہنما سید محمد کفیل بخاری سے بات چیت کے دوران انھوں نے کہا کہ میرے والد گرامی نواب زادہ نصر اللہ خان نے آزادیٔ وطن اور تحریک ختم نبوت کے حوالے سے حریت پسند جماعت مجلس احرار اسلام کے پلیٹ فارم سے ایک طویل جدوجہد کی۔ سامراج اور اس کے حاشیہ بردار قادیانیوں کے خلاف ایک تاریخ ساز کردار ادا کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین اور گورنر پنجاب شعائر اسلام کی سخت توہین کے مرتکب ہوئے ہیں اور قادیانیوں اور قادیانی نواز عناصر کو حوصلہ دے کر کسی نئی خطرناک مہم جوئی کی سازش ہو رہی ہے۔ نواب زادہ منصور احمد خان نے کہا کہ وہ اپنے مرحوم والد گرامی کے کردار کو زندہ رکھتے ہوئے اس بات کا یقین دلاتے ہیں کہ تحفظ ختم نبوت کے لیے ہر سطح پر اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

## پیپلز پارٹی بھٹو کے تحفظ ختم نبوت کے لیے کردار سے انحراف کر رہی ہے۔ (عبداللطیف خالد چیمہ)

چیچہ وطنی (7-اکتوبر) متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان کے کنوینر عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ شیری رحمان سمیت حکومتی ارکان قرآنی والہامی قوانین اور 295- سی کے خلاف ہرزہ سرائی کر کے کفر اور عالم کفر کی تائید کر رہے ہیں۔ پیپلز پارٹی قادیانیوں کو نوازنے میں سبقت لے گئی ہے پوری قوم کٹ مرے گی لیکن قانون توھین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کا دفاع کرے گی اور اس قانون کو ختم کرنے کی باتیں کرنے والے اپنے انجامِ بد کو پہنچیں گے، انھوں نے کہا کہ قومی سطح پر دینی وسیاسی قیادت، مفادات کی دلدل سے نکل کر تحریکِ تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اپنا کردار ادا کرے اور قوم کو وطن عزیز کے خلاف ہونے والی سازشوں سے آگاہ کرے ایک بیان میں انھوں نے کہا کہ بھٹو مرحوم نے لاہوری وقادیانی مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا اور 7- ستمبر 1974ء کو اسمبلی میں کہا کہ یہ فیصلہ دینی وسیاسی اور معاشرتی لحاظ سے ضروری اہمیت کا حامل اور عوامی خواہشات کا ترجمان ہے جبکہ آج کی پیپلز پارٹی بھٹو مرحوم کے تحفظ ختمِ نبوت کے کردار سے انحراف کر رہی ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چیچہ وطنی ( 8-اکتوبر) متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان نے عالمی تنظیم اہلسنت کی طرف سے توھین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتکب ہونے پر گورنر پنجاب کے خلاف تھانہ سول لائنز لاہور میں مقدمہ کے لیے درخواست دائر کرنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ایف آئی آر بلا تاخیر درج کی جائے اور ملزم کو گرفتار کیا جائے متحدہ تحریک ختم نبوت میں شامل تمام مکاتب فکر کے رہنماؤں نے ملک بھر کے علماء کرام اور خطباء عظام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ آج جمعتہ المبارک کے اجتماعات کے موقع پر تحریک تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے سلسلہ میں عوام کو مقتدر حلقوں اور الطاف حسین کی قادیانیت نوازی اور اسلام اور وطن عزیز کے خلاف قادیانی سازشوں سے آگاہ کریں متحدہ تحریک ختم نبوت کے ایک مرکزی ترجمان نے بتایا ہے کہ اس سلسلہ میں مجلس احرارِ اسلام کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری ملتان، پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہدالراشدی گوجرانوالہ، سید محمد کفیل بخاری اور مولانا شمس الرحمٰن معاویہ خیر پور میرس (سندھ)، عبداللطیف خالد چیمہ بورے والا، مولانا مغیرہ اور قاری شبیر احمد عثمانی چناب نگر، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا عبدالرؤف فاروقی، قاری محمد یوسف احرار اور قاری جمیل الرحمٰن اختر لاہور، مولانا عبدالخالق اسلام آباد، مولانا منظور احمد چیچہ وطنی اور دیگر رہنما مختلف مقامات پر نمازِ جمعتہ المبارک کے موقع پر احتجاجی اجتماعات سے خطاب کریں گے۔

## بورے والا میں عبداللطیف خالد چیمہ کے اعزاز میں عشائیہ اور پریس کانفرنس

بورے والا (8-اکتوبر) متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی کے کنوینئر اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے جامع مسجد ڈی بلاک بورے والا میں نمازِ جمعتہ المبارک کے بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کیری لوگر بل دراصل ملک کی سلامتی اور خودمختاری کو امریکہ کے ہاتھوں فروخت کرنے کا دوسرا نام ہے وطن عزیز کی سالمیت خطرے میں ہے پیپلز پارٹی کی حکومت ملک کی بجائے اقتدار کو بچانے میں لگی ہوئی ہے ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین قادیانیوں کو مسلمانوں کی صفوں میں لا کھڑا کرنے کے لیے بیتاب ہیں پنجاب قادیانیوں اور قادیانی نواز عناصر کو ہرگز قبول نہیں کرے گا انھوں نے کہا کہ (ن) لیگ سمیت تمام محبِّ وطن قوتوں کو مصلحتیں ترک کر کے آگے بڑھنا چاہتے۔ قبل ازیں ایک مقامی ہوٹل میں محمد نوید طاہر کی طرف سے اپنے عزاز میں عشائیہ تقریب اور پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ کرپٹ حکمرانوں نے قومی غیرت کا جنازہ نکال کر رکھ دیا ہے انھوں نے بتایا کہ تمام مکاتب فکر کے علماء کرام اور سرکردہ مذہبی جماعتوں کے نمائندوں اور سیاسی رہنماؤں نے لاہور میں منعقدہ اجلاس میں طے کیا ہے کہ وہ قادیانیوں اور ان کے سرپرستوں کی اسلام اور وطن عزیز کے خلاف خطرناک سرگرمیوں کے سدباب کے لیے مشترکہ جدوجہد کریں گے اور اس کے لیے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ قادیانیوں کی حمایت کرنے پر قادیانی جماعت نے ایم کیو ایم کو خطیر رقم دی ہے اور مرزا مسرور نے قادیانیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ الطاف حسین کے لیے دعائیں کریں انھوں نے کہا کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر (معاذ اللہ) تنقید



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



برداشت کرنے کی بجائے کراچی اور حیدرآباد میں متعدد مقامات پر علماءِ ختم نبوت اور کارکنان ختمِ نبوت پر تشدد اور مساجد کی بے حرمتی پر اُتر آئے ہیں انھوں نے کہا کہ گورنر پنجاب اور حکمران نمائندے قانون توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم پر تنقید کر کے ملک میں انارکی اور فسادات کو ہوا دے رہے ہیں انھوں نے کہا کہ 295- سی ختم کرنے کا مطلب یہ بنتا ہے کہ لوگ قانون خود ہاتھ میں لیں ایک سوال کے جواب میں انھوں نے کہا کہ نامساعد حالات کے باوجود متحدہ تحریک ختم نبوت، عقیدۂ ختم نبوت اور قادیانیت کی روک تھام کے لیے اپنی پُرامن جدوجہد جاری رکھے گی، قادیانیوں اور قادیانی نواز عناصر کا راستہ روکنے کے لیے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا ایک سوال کے جواب میں کہا کہ کیری لوگر بل قوم اور اداروں کو تقسیم کرنے، ملک پر امریکی تسلط قائم کرانے کی سازش ہے فوج، حکومت اور عوام کو لڑانے کے لیے امریکہ ایسی کارروائیاں کر رہا ہے صدر زرداری اور گیلانی کی حکومت امریکی تابعداری اور قادیانیت نوازی میں تمام حدیں کراس کر گئی ہے اور حکمران ملک کی نظریاتی وجغرافیائی سرحدوں کو منہدم کرنے پر تلے ہوئے ہیں انھوں نے کہا کہ اسرائیل میں قادیانی مشن پاکستان کے ایٹمی اثاثوں کی تاک میں ہے اور قادیانی اکھنڈ بھارت کے لیے کام کر رہے ہیں۔

## بورے والا: قانون توہین رسالت کے تحفظ اور کیری لوگر بل کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

بورے والا (9- اکتوبر) ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی قادیانیت نوازی گورنر پنجاب وحکمرانوں کی طرف سے قانونِ توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم پر تنقید اور کیری لوگر بل کے خلاف تحریک ختم نبوت اور مجلس احرارِ اسلام بورے والا کے زیر اہتمام زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرے کی قیادت مجلس احرارِ اسلام کے سیکرٹری جنرل اور متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی کے کنوینئر عبداللطیف خالد چیمہ، مولانا عبدالنعیم نعمانی، صوفی عبدالشکور احرار، ڈاکٹر عبدالحفیظ کھوکھر، محمد نوید طاہر، حکیم عبدالرزاق، مولانا محمد یاسر راشیدی، شاہد حمید اور رانا خالد محمود اور دیگر کر رہے تھے مظاہرے کا آغاز جامع مسجد ڈی بلاک سے نمازِ جمعۃ المبارک کے بعد ہُوا مظاہرین حکومت، الطاف حسین، قادیانیوں اور قادیانی نواز سیاستدانوں کے خلاف سخت نعرے بازی کرتے ہوئے بورے والا پریس کلب کے سامنے پہنچے جہاں عبداللطیف خالد چیمہ، مولانا عبدالنعیم نعمانی اور انجمن تاجران بورے والا کے صدر محمد جمیل بھٹی، حکیم عبدالرزاق نے خطاب کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ پیپلز پارٹی نے ایوان صدر کو قادیانی سازشوں کا مرکز بنا دیا ہے اور ملک وملت کے خلاف دین بیزار طبقوں کو نوازا جا رہا ہے، عبداللطیف خالد چیمہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الطاف حسین کہہ رہے ہیں کہ ''پنجاب والے بوریاں تیار رکھیں ایم کیو ایم پنجاب میں آ رہی ہے'' انھوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پنجاب کو بھی فسادات اور بھتے کا گڑھ بنانا چاہتی ہے اور اس کام کے لیے قادیانیوں سے بھی ملی بھگت کی گئی ہے انھوں نے کہا کہ گورنر پنجاب نے 295- سی ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے اور صدر زرداری کہہ رہے ہیں کہ اس قانون کا غلط استعمال نہیں ہونے دیں گے اس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت باقی سارے قوانین کا غلط استعمال کر رہی ہے مولانا عبدالنعیم نعمانی نے کہا کہ پوری قوم ناموسِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم پر مر مٹے گی لیکن اس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قانون کو کسی قیمت پر ختم نہیں ہونے دے گی یہ ملک اسلام کے نام پر بنا تھا اور اسلام کے نام پر ہی باقی رہ سکتا ہے مظاہرین نے بڑے بڑے بینرز اور کتبے اُٹھا رکھے تھے جن پر مختلف تحریکِ ختم نبوت کے مطالبات پر مشتمل نعرے درج تھے شرکاء نے حکمرانوں اور قادیانیوں کے علاوہ الطاف حسین کے خلاف سخت نعرے بازی کی مظاہرے میں مطالبہ کیا گیا کہ امتناع قادیانیت ایکٹ پر موٴثر عمل درآمد کرایا جائے اور مرتد کی شرعی سزا نافذ کی جائے۔

## جی ایچ کیو پر حملہ، کیری لوگر بل اور بلیک واٹر ملکی سلامتی کے خلاف سازش ہے

لاہور (11-اکتوبر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری اور قاری محمد یوسف احرار نے کہا ہے کہ جی ایچ کیو پر دہشت گردی اور اتنا نقصان ملکی سلامتی کے حوالے سے کوئی معمولی واقعہ نہیں اِن حالات میں آرمی ہیڈ کوارٹر پر اس قسم کا حملہ ملک کی سلامتی پر حملہ ہے۔ احرار رہنماؤں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ میں پاکستان نے خود اپنے آپ کو غیر محفوظ کرلیا ہے اور حکمران امریکہ کی ہاں میں ہاں ملا کر ملک کو خانہ جنگی کی طرف لا رہے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کو تنہا کر کے اس کی معیشت کو بھی تباہ کر کے رکھ دیا گیا ہے مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کیری لوگر بل ملکی سلامتی کا سودا اداروں کو تباہ کرنے والے ملک کی جغرافیائی سرحدوں کو منہدم کرنا چاہتے ہیں بلیک واٹر جیسی دہشت گرد اور خونخوار تنظیموں کو نظر انداز کر کے اُن کو بریت کا سرٹیفکیٹ جاری کرنا اُن کی سرگرمیوں سے مجرمانہ اغماض برتنے کے مترادف ہے۔ انھوں نے کہا کہ بیرونی ایجنسیوں کی کارروائیوں کو کسی طور پر نظر انداز نہیں کیا جاسکتا انھوں نے کہا کہ پوری قوم بُری طرح عدم تحفظ کا شکار ہے اور ہمارے ایٹمی پروگرام کو ختم کرنے کی سازشیں اگلے مرحلے میں داخل ہو چکی ہیں امریکہ، بھارت اور اسرائیل کے توسیع پسندانہ عزائم کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا احرار رہنماؤں نے مزید کہا کہ بلیک واٹر کی خطرناک سرگرمیاں عیاں ہونے کے بعد سرکاری حکام اور برسر اقتدار پارٹی یہ کہہ رہی تھی کہ چند سو افراد اسلام آباد میں ہمارا کیا کرسکتے ہیں اگر اُن میں اخلاقی جرأت ہے تو اب بتانا پسند فرمائیں گے کہ یہ کیا ہو گیا ہے؟

## حکمران امریکی فرماں برداری میں وطن عزیز کا سودا کر چکی ہے

لاہور (16-اکتوبر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری اور سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ امریکہ دنیا میں امن کے نام پر بدامنی اور دہشت گردی کو ختم کرنے کے نام پر خونخواری کو پروان چڑھا رہا ہے ایک بیان میں انھوں نے کہا کہ پاکستانی حکمران امریکہ کی فرماں برداری میں مزید سبقت لے جانے کے لیے ہر فیصلے کے سامنے سرنگوں ہو کر وطن عزیز کے مفادات کا سودا کر چکے ہیں حزبِ اختلاف کے مفادات مشترکہ نظر آنے لگے ہیں ایسے میں محبّ وطن سیاستدانوں اور دینی قوتوں کو پوری جرأت کے ساتھ آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔ کیری لوگر بل کی بعض شقیں نہیں بلکہ پورے کا پورا بل ہماری خودمختاری کے لیے زہر قاتل ہے اِس کو ’’ملفوف‘‘ یا شوگر کوٹیڈ بنا کر پیش کرنے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



والے دھوکہ دے رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ کچھ لوگ دھوکہ کھا بھی رہے ہیں اور قوم کو دھوکہ دے بھی رہے ہیں انھوں نے کہا کہ یکے بعد دیگر حساس مقامات پر حملے ملکی سلامتی کے حوالے سے سوالیہ نشان ہیں اور لوگ مر رہے ہیں قوم خانہ جنگی کی حالت کی طرف جا رہی ہے اور حکمران کہہ رہے ہیں کہ حملے ناکام ہو گئے۔ انھوں نے کہا کہ دہشت گردی ختم کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس دہشت گردی کے اصل اسباب وعوامل تلاش کر کے ان کا حل کیا جائے۔

## وطن عزیز کو عدم استحکام کا شکار کرنے میں قادیانیوں کا کردار ہے

لاہور (21-اکتوبر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب اسمبلی میں الطاف حسین اور گورنر پنجاب سلمان تاثیر کی توہین رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) اور قادیانیت نوازی کے حوالے سے آواز گونجی ہے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ پوری دنیا میں قادیانیوں اور قادیانیوں کے پُشت پناہ سیاستدانوں کو بے نقاب کرنے کی جدوجہد آگے بڑھتی رہے گی ایک بیان میں سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ اگر غیر جانبدارانہ تحقیقات ہوں تو یہ بات کھل کر سامنے آجائے گی کہ وطن عزیز کو عدم استحکام کی طرف لے جانے میں دین دشمنوں اور قادیانیوں کا اہم کردار ہے انھوں نے کہا کہ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی میں خودکش حملوں اور تعلیمی اداروں کی بندش ملک کو تاریکی کی طرف لے جارہی ہے جو حکمرانوں کی طرف سے امریکی غلامی کو قبول کرنے کا بدترین شاخسانہ ہے انھوں نے ایران کے اس الزام کو اشتعال انگیز اور خلاف واقعہ قرار دیا کہ ایران میں خودکش حملے میں ملوث گروہ کا تعلق پاکستان سے ہے۔

## قوم قانون توہین رسالت کے تحفظ کے لیے اٹھ کھڑی ہو۔ فرحان الحق حقانی

ملتان (پ ر) تحریک طلباءِ اسلام پاکستان کے مرکزی رہنما محمد فرحان الحق حقانی نے گورنر پنجاب سلمان تاثیر کے اس بیان پر کہ '' قانون توہین رسالت ختم ہونا چاہیے'' اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم قانون توہین رسالت کے تحفظ کے لیے اٹھ کھڑی ہو۔ تا کہ منکرین ختم نبوت اور گستاخان رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی حوصلہ افزائی کرنے کرنے والے'' سازشی کونسل کے شرپسند شازشی عناصر کو اس بات کا بخوبی اندازہ ہو جائے کہ دینی غیرت وحمیت کے جذبے سے سرشار مسلمانانِ پاکستان اور محبان رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) تحفظ عقیدہ ختم نبوت وقانون توہین رسالت میں ترمیم یا پھر اس کو غیر مؤثر یا ختم کرنے کی سازش وکوشش کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے۔



© rasailojaraid.com